زیر تبصرہ کتاب اگرچہ صرف سورۂ یوسف کی تفسیر ہے لیکن اس چھوٹے سے نگینہ کے اندر علامہ موصوف نے معانی و حقائق کا پورا شہرستان دکھایا ہے اور اس میں اُن کے پیش نظر تفسیر کے وہ تمام بنیادی اصول رہے ہیں جو اہلِ علم کے نزدیک مسلّم ہیں۔ یعنی عربیت کی جامعیت، روایاتِ صحیحہ کا اہتمام، اور بیّن اور واضح قرائن کے مطابق مختلف نکات کی توضیح۔ یہ تفسیر ہر لحاظ سے قابلِ قدر ہے۔ البتہ ایک کمی ضرور محسوس ہوتی ہے۔ جس کی طرف مولانا غلام رسول مہر نے بھی مقدمہ میں اشارہ کر دیا ہے کہ کتاب کے فاضل مصنف نے مصر کے متعلق یوں تو بیش قیمت معلومات جمع کی ہیں۔ مثلاً اس کا محلِ وقوع، حدودِ اربعہ، مساحت، آبادی، اُس کے پہاڑ اور دریا وغیرہ لیکن مرحوم حضرت یوسف علیہ السلام کے عہد کے مصر پر توجہ نہ فرما سکے۔ حالانکہ تفسیر کے سلسلے میں اس کی خاص ضرورت تھی۔

کتاب کا معیار طباعت عمدہ ہے۔

عبقات | تالیف: حضرت شاہ اسماعیل شہیدؒ۔ مترجم: علامہ سید مناظر احسن گیلانی۔ شائع کردہ: اللجنۃ العلمیہ، چپل گوڑہ، حیدر آباد ۴۔ صفحات ۔ ۴۵۔ قیمت مجلد دس روپے ۵۰ نئے پیسے

شاہ اسماعیل شہیدؒ کی یہ فاضلانہ تصنیف فلسفہ اور تصوف سے بحث کرتی ہے۔ اب علامہ گیلانیؒ کے قلم سے اس کا اردو ترجمہ دنیا کے سامنے آیا ہے۔ اس ادق کتاب کو علامہ موصوف جیسا فاضل شخص ہی اردو کا جامہ پہنانے کی ہمت کر سکتا ہے اور واقعی انہوں نے بڑی محنت سے اس فرض کو سرانجام دیا ہے لیکن کتاب چونکہ بڑی دقیق ہے اس لیے زبان کے اردو ہونے کے باوجود بہت سے مسائل سمجھ میں نہیں آنے پاتے۔ کاش اس موضوع پر دسترس رکھنے والا کوئی بلند پایہ عالم اس کتاب پر تشریحی حاشیے لکھ کر اس کے مشکل مقامات کی وضاحت کرے۔ موجودہ صورت میں کتاب، خواص کے بھی نہیں صرف اخص خواص کے کام کی ہے۔

فلسفۂ دعا | تالیف: پروفیسر فضل احمد صاحب عارف ایم، اے۔ شائع کردہ: مکتبہ رشیدیہ نگری

دعا درحقیقت انسان کا ایک ایسا فطری داعیہ ہے جس کے تحت وہ اپنے